سوال

(210) بعدمگ ولی یا نبی کی کرامات کا سلسلہ جاری رہتا ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعدمگ ولی یا نبی کی کرامات کا سلسلہ جاری رہتا ہے یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معجزات اور کرامات دو قسم کی ہیں۔ ایک عملی دوم علمی۔ عملی یہ ہے کہ ان کے ان کے ہاتھ (زریعہ) سے خلاف عادت کوئی کام ہوجائے۔ جیسے شق القمر وغیرہ۔ یہ تو بعد انتقال ختم ہوجاتا ہے۔ علمی یہ کہ آئندہ زمانہ کے متعلق کوئی خبر دی ہو۔ وہ بعد انتقال پوری ہوجائے۔ اس قسم کی کرامت بعد انتقال بھی ہوسکتی ہے۔ جیسا کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا۔ کہ میرے بعد تیس دجال ہوں گے۔ جو نبوت کا دعویٰ کریں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ یا فرماتا تھا کہ میرے بعد اسلام کا نام ہی نام رہ جائے گا۔ چنانچہ یہی ہورہا ہے۔ اس قسم کے معجزات یا کرامات بعد انتقال بھی واقع ہوجاتی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص156

محدث فتویٰ